کلام ظہور الدین اوج ابن معراج الدین

1 - پاکستانی کوہساتی صحرا میدانی ہیں
سرحدی پنجابی سندھی اور بلوچستانی ہیں
چاروں صوبوں کے ہم غازی سارے پاکستانی ہیں
راہ خدا میں لڑنے والے مردان میدانی ہیں
مشکل وقت پڑے تو دیتے جان کی ہم قربانی ہیں
چشم بد سے جو کوئی دیکھے اس کے دشمن جانی ہیں
بے شک طاعت قادر مطلق نصب العین ہمارا ہے
پیروی پیغمبر برحق نصب العین ہمارا ہے
پاکستانی سب ہیں بہادر پاکستان ہمارا ہے
رب نے دیا یہ ہم کو کشور پاکستان ہمارا ہے
پاکستان ہے دیس ہمارا یہ ہم سب کو پیارا ہے
حقا یہ ہر پاکستانی کی آنکھوں کا تارا ہے

---

2 - دین اللہ کے رستے پر ہی ہم سب چلنے والے ہیں
خدمت خلق کے دلدادہ ہیں خدمت کرنے والے ہیں
پڑھتے ہیں پنج وقت نمازیں روزے رکھنے والے ہیں
کرتے ہیں سنت کو اجاگر شرک سے بچنے والے ہیں
دھمکی دے گا کون ہمیں ہم رب سے ڈرنے والے ہیں
طاعت خالق اور اطاعت احمد کرنے والے ہیں
پاکستانی سب ہیں مجاہد پاکستان ہمارا ہے
رب نے دیا ہے یہ ہم کو کشور پاکستان ہمارا ہے
پاکستان ہے دیس ہمارا یہ ہم سب کو پیارا ہے

پاکستاں ہر پاکستانی کی آنکھوں کا تارا ہے

---

3 - پرچم اپنا چاند ستارے والا پیارا پیارا ہے
غور کریں تو پاک وطن کا دائم راج دلارا ہے
کتنا حسین اور کتنا دلکش اس کا چاند ستارا ہے
ہر مسلم کے دل کی راحت یہ سارے کا سارا ہے
پاکستان کا یہ پرچم ہے پاکستان ہمارا ہے
رب نے دیا یہ ہم کو کشور پاکستان ہمارا ہے
پاکستان ہے دیس ہمارا یہ ہم سب کو پیارا ہے
سچ تو یہ ہے پاکستانیوں کی آنکھوں کا تارا ہے
اللہ اکبر اس پر لکھ دو یہ اسلامی جھنڈا ہے
اے اصحاب حکومت دیکھو یہ اسلامی جھنڈا ہے